© rasailojaraid.com

تبصرے

نذر ذاکر (اردو) تقطیع متوسط۔ ضخامت ۴۶۹ صفحات کتابت وطباعت اور کاغذ سب اعلیٰ قیمت مجلد ۳۰ روپے پتہ:۔ مکتبہ جامعہ لمٹیڈ۔ دہلی۔ ۶

ڈاکٹر ذاکر حسین صدر جمہوریہ کو ان کی اکہترویں سالگرہ کے موقع پر بطور نذر پیش کرنے کے لئے متعدد اصحاب علم وثروت پر مشتمل جو کمیٹی مجلس نذر ڈاکٹر ذاکر حسین کے نام سے بنی تھی۔ یہ کتاب اس مجلس کی طرف سے شائع ہوئی ہے۔ مجلس کے سکریٹری اردو زبان کے مشہور ادیب اور محقق جناب مالک رام صاحب تھے اس لئے یہ سب کچھ کیا کرایا انہیں کا ہے۔ موصوف کی نگرانی اور اہتمام میں کسی کتاب کا شائع ہونا بذات خود اس کی ضمانت ہے کہ کتاب ظاہری اور معنوی حیثیت سے کس بلند معیار اور مرتبہ کی ہوگی۔ چنانچہ اس کتاب کا حال بھی یہی ہے۔ اس میں حسب ذیل سترہ علمی وادبی مقالات اس ترتیب سے شامل ہیں (۱) دیوان حسن بیگ شاملو قاضی عبدالودود (۲) شاہان اودھ کا علمی وادبی ذوق مسعود حسن رضوی (۳) جاحظ کی کتاب الاخبار امتیاز علی خاں عرشی (۴) تذکرۃ المذاہب عبدالعلیم (۵) اردو میں سیاسی اصطلاحیں ہارون خاں شیروانی (۶) ابن عربی کا نظریۂ وحدت الوجود۔ عبدالسلام خاں۔ (۷) سبعۃ احرف۔ سعید احمد اکبرآبادی (۸) عورت اور مرد کا مرتبہ ساقوام عالم میں۔ محمد زبیر صدیقی (۹) گل رعنا۔ غالب کا گمشدہ انتخاب۔ مالک رام (۱۰) خطاطشاہ خلیل اللہ نذیر احمد (۱۱) افلاطون کی ریاست۔ ضیاء الحسن فاروقی (۱۲) مہاراجہ رنبیر سنگھ کا دارالترجمہ۔ عبدالقادر سروری (۱۳) اسلامی عہد کی علمی رواداریاں۔ صباح الدین عبدالرحمن (۱۴) اردو کی ہندی بحر۔ گیان چند (۱۵) منتخب اللطائف۔ امیر حسن عابدی (۱۶) اردو آوازوں کی نئی درجہ بندی۔ گوپی چند نارنگ (۱۷) رسالۃ المجر مختارالدین احمد۔ ان مقالات سے پہلے ایک باب تذکرہ کے عنوان سے ہے۔ اسکے ماتحت ڈاکٹر تاراچند

© rasailojaraid.com